- **TPL Life Hifazat**

This plan underwritten by TPL Life is a health insurance plan for the parents. This plan is exclusively designed to provide hospitalization coverage to your parents. It covers pre-existing conditions as well after 6 months and 12 months (you may choose from the available options). The amount as per the selected plan will be paid by TPL Life to the insured person in case of medical assistance.

2: I understand that JS Bank, through its branches, is acting as a distributor/corporate insurance agent for TPL Life Insurance limited in respect of the coverage being purchased by me. JS bank has no liabilities under this product. All liabilities arising out of this cover rest with TPL Life Insurance, who are the underwriters of this cover/insurance policy.

3: I fully understand that I will receive the coverage as per premium paid according to the category which I have selected and I agree that I have to pay premium amount on this plan for which I have given the absolute authority to the bank to deduct the payment from my account.

4: I understand that this is a single premium plan (one-time payment) covering me for a year only. For future years, I will have to re-purchase this cover.

5: I hereby understand that the premium will only be refunded by TPL Life if I cancel the policy within the 14-day free look period which starts after the third day of premium deduction. During this time, I can cancel my policy for a full refund of the premium paid.

6: I understand no refund will be provided if policy is cancelled after the free look period is over and there are some exclusions/conditions that are not covered under this policy (policy document has all the details).

7: I am aware that I can intimate my claim by:

- Emailing TPL Life Insurance at claims@tpllife.com or JS bank at CCU.Helpdesk@jsbl.com
- Calling TPL Life's Contact Center 021 111-000-330 or JS Bank Helpline 021 – 051 (111-654-321)

once the request has been received, TPL Life/JS Bank will contact for next steps of documentation submission and details.

8: Documents attached herewith are:

- Policy Documents
- Policy Schedule

JS BANK

بیسک فیکٹ شیٹ

## • ٹی پی ایل لائف حفاظت

ٹی پی ایل لائف کی جانب سے بیمہ شدہ یہ پلان والدین کے لیے ایک ہیلتھ انشورنس پلان ہے۔ یہ پلان آپ کے والدین کو اسپتال میں داخلے کی بیمہ کوریج کے لیے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے۔ اس پلان کے تحت پہلے سے موجود بیماری اور نیز 6 ماہ اور 12 ماہ کے بعد کے حالات کی بیمہ کوریج فراہم کی جاتی ہے (آپ دستیاب آپشنز میں سے اس کا انتخاب کر سکتے ہیں)۔ طبی معاونت کی صورت میں منتخب شدہ پلان کے مطابق بیمہ شدہ شخص کو ٹی پی ایل لائف کی جانب سے ادائیگی کی جائے گی۔

2۔ میں بخوبی جانتا/جانتی ہوں کہ جے ایس بینک اپنی برانچوں کے ذریعے میری جانب سے خریدی جانے والی بیمہ کوریج کے حوالے سے ٹی پی ایل لائف انشورنس کے ڈسٹری بیوٹر/کارپوریٹ انشورنس ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔ اس پراڈکٹ کے حوالے سے جے ایس بینک پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی ہے۔ اس بیمہ کوریج کے حوالے سے تمام تر ذمہ داریاں ٹی پی ایل لائف انشورنس پر عائد ہوتی ہیں، جو اس بیمہ کوریج/انشورنس پالیسی کے بیمہ کنندہ/تحریر کنندہ ہیں۔

3۔ میں بخوبی جانتا/جانتی ہوں کہ مجھے میری منتخب شدہ کیٹیگر ی کے مطابق پریمیم کی ادائیگی کے تحت کوریج فراہم کی جائے گی اور میں متفق ہوں کہ مجھے اس پلان کے تحت پریمیم کی ادائیگی کرنا ہے، جس کے لیے میں نے اس پریمیم کی ادائیگی کے حوالے سے بینک کو میرے اکاؤنٹ سے پریمیم کی رقم منہا کرنے کی مکمل اجازت دی ہے۔

4۔ میں بخوبی جانتا/جانتی ہوں کہ یہ ایک سنگل پریمیم پلان (ایک بار ادائیگی) کا پلان ہے جو مجھے صرف ایک سال کی مدت کے لیے بیمہ کوریج فراہم کرتا ہے۔ آنے والے سالوں کے لیے مجھے اس بیمہ کوریج پلان کو دوبارہ خریدنا ہوگا۔

5۔ میں بذریعہ ہذا اس بات کا ادراک رکھتا/رکھتی ہوں کہ ٹی پی ایل لائف کی جانب سے میرا ادا کردہ پریمیم صرف اس صورت میں واپس ہوگا اگر میں 14 دن کے فری لک پیریڈ میں اپنی پالیسی کو منسوخ کرا دیتا ہوں، جو کہ پریمیم کی کٹوتی کے تیسرے دن کے بعد سے شروع ہو جاتا ہے۔ اس دورانیہ میں، میں اپنی جانب سے ادا کردہ پریمیم کی مکمل واپسی کے لیے اپنی پالیسی کو منسوخ کرا سکتا ہوں۔

6۔ میں بخوبی جانتا/جانتی ہوں کہ اگر میں فری لک پیریڈ کے ختم ہونے کے بعد اپنی پالیسی منسوخ کراتا ہوں تو مجھے کسی قسم کی ادائیگی نہیں کی جائے گی نیز اس پالیسی کے تحت کچھ استثنات/شرائط موجود ہیں، جنہیں اس پالیسی کے تحت کور (بیمہ) نہیں کیا جاتا ہے (پالیسی دستاویز میں تمام تفصیلات موجود ہیں)۔

7۔ میں بخوبی جانتا/جانتی ہوں کہ میں اپنے دعویٰ/کلیم سے متعلق درج ذیل طریقوں سے اطلاع دے سکتا/سکتی ہوں:

- ٹی پی لائف انشورنس کو claims@tpllife.com پر یا جے ایس بینک کو CCU.Helpdesk@jsbl.com پر ای میل کر کے۔ ٹی پی ایل لائف کے رابطہ سینٹر 021-111-000-330 پر یا
- جے ایس بینک کی ہیلپ لائن (111-654-321) 021-051 پر کال کر کے ایک بار درخواست موصول ہو جانے پر، ٹی پی ایل لائف/جے ایس بینک آپ سے دستاویزات جمع کرانے کے مراحل اور تفصیلات کے لیے رابطہ کرے گا۔

8۔ اس کے ساتھ درج ذیل دستاویزات منسلک ہیں:

- پالیسی دستاویزات
- پالیسی شیڈول